مرآۃ العاشقین

اعلیٰحضرت خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظاتِ عالیہ کا مجموعہ

ویعلمہم الکتاب والحکمۃ ویزکیہم

تصوف فاؤنڈیشن

۱۴۱۹ھ

پرِ گوھر

اردو ترجمہ

مرآتُ العاشقین

اعلیحضرت خواجہ شمسُ الدّین سیالوی رحمتہُ اللہ علیہ کے ملفُوظاتِ عالیہ کا مجمُوعہ

مرتبہ

سیّد محمّد سعید رح

ترجمہ:

صاحبزادہ غلام نظام الدّین ایم اے مرولوی

تصوّف فاؤنڈیشن

لائبریری ○ تحقیق و تصنیف و تالیف و ترجمہ ○ مطبُوعات

۲۴۹ / این سمن آباد — لاہور — پاکِستان

شوروم : المعارف ○ گنج بخش رح روڈ ○ لاہور

کلاسیک کُتب تصوّف ○ سلسلۂ اُردو تراجم

○

ناشر : ابو نجیب حاجی محمدؐ ارشد قریشی
بانی تصوّف فاؤنڈیشن۔ لاہور

طابع : زاہد بشیر پرنٹرز۔ لاہور

سال اشاعت : ۱۴۱۹ھ — ۱۹۹۸ء

قیمت : ۱۵۰ روپے

تعداد : پانچ سو

واحد تقسیم کار : المعارف۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور۔ پاکستان

آئی ایس بی این — ۹۶۹ — ۵۰۶ — ۰۱۳ — ۷

○

تصوّف فاؤنڈیشن ابو نجیب حاجی محمدؐ ارشد قریشی اور ان کی اہلیہ نے اپنے مرحوم والدین اور لختِ جگر کو ایصال ثواب کے لئے بطور صدقہ جاریہ اور یادگار یکم محرم الحرام ۱۴۱۹ھ کو قائم کیا جو کتاب و سُنّت اور سلف صالحین و بزرگانِ دین کی تعلیمات کے مُطابق تبلیغ دین اور تحقیق و اشاعت کُتب تصوّف کے لیے وقف ہے۔

مال و زر حاصل کیا ۔

بعد ازاں ، فرمایا ۔ ایک دن مولانا فخر الدین کی خدمت میں ایک پٹھان آیا ۔ اس نے کہا میں اس شرط پر آپ سے بیعت کرتا ہوں کہ میں نماز بھی نہیں پڑھوں گا، روزہ بھی نہیں رکھوں گا ، شراب پیتا ہوں ، زنا کرتا ہوں ، اسے بھی نہیں چھوڑ دوں گا۔مولانا نے فرمایا بایں ہمہ میں تمہیں قبول کرتا ہوں لیکن ایک ہماری شرط تم بھی قبول کرو کہ ہمیشہ باوضو رہو گے ۔ اس نے کہا منظور ہے ۔ چنانچہ مولانا نے اسے بیعت کر لیا ۔ کچھ دنوں کے بعد وہ شراب خانے کے پاس سے گزر رہا تھا کہ شرابیوں نے اسے خوش آمدید کہا اور سرخ شراب کا جلوہ دکھایا ۔ پٹھان نے کہا اگر میں شراب پیوں گا تو وضو ٹوٹ جائے گا پھر وہ طوائف کے پاس گیا ، اس نے بھی تعظیم کی اور اپنی چار پائی پر بیٹھنے کو کہا ۔ پٹھان نے سوچا اگر میں اس چار پائی پر بیٹھا تو مجھے شہوت آجائے گی جس سے وضو ٹوٹ جائے گا ۔ وہ وہاں سے اُٹھ کھڑا ہوا ۔ راستے میں ایک مسجد تھی جس میں جماعت ہو رہی تھی پٹھان نے خیال کیا کہ وضو تو پہلے سے ہے اگر میں جماعت میں شریک ہو جاؤں تو نماز باجماعت کا ثواب مفت ہاتھ آجائے گا ۔ پس وہ جماعت میں شامل ہو گیا ۔ اس کے بعد اس نے افعالِ قبیحہ چھوڑ دے اور مولانا کی بیعت کی برکت سے اسے سعادت دارین حاصل ہوئی ۔

بعد ازاں ، فرمایا ۔ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی فرماتے ہیں ، ہاتف نے مجھے کئی بار خبر دی ہے کہ قیامت تک حضرت گنج شکر کے تمام مرید جنت میں جائیں گے ۔ بندہ نے عرض کیا کہ میں نے سیرالاولیاء میں پڑھا ہے کہ ایک دن ایک آدمی نے گنج شکر سے کہا کہ ایک دن شیخ بہاؤ الدین نے اعلان کیا کہ جو آدمی میرا چہرہ دیکھ لے گا جنتی ہو جائے گا ۔ یہ بات سن کر خواجہ گنج شکر پر ایک عجیب کیفیت طاری ہو گئی اور انہوں نے فرمایا جس نے بھی اس درویش سے بیعت کی یا میری اولاد اور میرے مریدوں سے بیعت کی جنتی ہو جائے گا ۔

بعد ازاں ، بندہ نے عرض کیا ، اہلِ قبور سے بیعت جائز ہے یا نہیں ؟